سوال

(453)آلت پشاب گاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آلت پشاب گاہ کو سہوا یا قصدا ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغیر کپڑے کے لگے تو احتیاطاً وضو کرے۔ یہ مذہب ارجح ہے۔

شرفیہ

مس ذکر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ لہذا وضو کرنا فرض ہے۔

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مس ذکرہ فلیتوضا" (رواہ ابن ماجہ والاثرم وصححہ احمد وابوزرعة وایضا)

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اقضی بیدہ الی ذکرہ لیس دونہ ستر فقد وجب علیہ الوضوء" (رواہ احمد وابن حبان فی صحیحہ وقال حدیث صحیح سندہ عدول نقلتہو صححہ الحاکم وابن عبد البر واخرجہ البیھقی والطبرانی فی الصغیر وقال ابن المسکن ہواجود ماروي فی ہذا الباب انتھی مافی نیل الاوطار ص 174 ج1) (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص612